نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

محکمہ زراعت پنجاب نے حالیہ شدید گرم موسمی حالات میں کپاس کی بہتر دیکھ بھال کیلئے حکمت عملی جاری کردی۔

لاہور:**23 مئی 2026**: ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق کپاس کے کاشتکار اگیتی کپاس کے پھول آنے پر فصل کو تین سے چار دن کے وقفے سے ترجیحاً شام یا رات کے وقت پانی لگائیں اور پانی کے ساتھ آدھی بوری یوریا یا ایک بوری کیلشیم امونیم نائٹریٹ (گوارا) ڈالیں۔کاشتکار کپاس کی فصل کے مرحلہ کے مطابق محکمہ زراعت پنجاب کے مقامی زرعی ماہرین کے مشورہ سے پانی کے ساتھ 10 کلوگرام پوٹاشیم سلفیٹ ڈرم میں حل کر کے ڈالیں تاہم اس دوران گلائفوسیٹ کے استعمال سے اجتناب کریں۔فصل کو عناصرِ صغیرہ مثلاً بوران، زنک اور سلفر کی سفارش کردہ مقدار ضرور مہیا کریں۔اس کے علاوہ پوٹاشیم نائٹریٹ محلول (2 فیصد) کے ہفتہ وار چار سپرے پھول نکلنے سے شروع کریں تاکہ بہتر نتائج مل سکیں۔کاشتکار اگیتی کپاس کے پھل کے کیرے کی صورت میں محکمہ زراعت پنجاب کے زرعی ماہرین کے سفارش کردہ بائیوسٹیمولینٹس (Biostimulants) یعنی نشوونما تیز کرنے والے مرکبات/امائینو ایسڈز وغیرہ سپرے کریں

ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید کہا ہے کہ موسمی کپاس کاشت کرنے والے کاشتکار ترجیحاً گرمی برداشت کرنے والی اقسام کی کاشت کریں۔بوائی کے بیج کی نسبتاً زیادہ مقدار استعمال کریں تاکہ کپاس کی فی ایکڑ مطلوبہ تعداد حاصل ہو سکے۔مئی کاشتہ کپاس میں گرمی کے اثرات کو کم کرنے کیلئے تین دن کے وقفے سے پانی لگائیں۔ڈرل کاشت کی صورت میں تر وتر میں ڈرل کریں اور پٹریوں پر کاشت کی صورت میں بجائی کے بعد پہلے تین پانی تین دن کے وقفے سے لگائیں۔

☆☆☆☆